گوشہ تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : خواتین کی تبلیغ کی ضرورت واہمیت

مصنف : مفتی ابوالحسن عظمت اللہ بنوی

ناشر : جامعہ المرکز الاسلامی بنوں ۲۰۰۹ء

قیمت وصفحات : ۱۵ روپے ۴۰ صفحات

یہ کتاب بلال مسجد بنوں کے سوال کے جواب میں ایک فتویٰ کی حیثیت سے تحریر کی گئی ہے، دراصل علماء کا ایک طبقہ خواتین کے گھر سے نکلنے تدریس یا تبلیغ میں گھر سے نکل کر حصہ لینے کی مخالفت کرتا ہے۔ اسی پس منظر میں یہ جواب دیا گیا ہے اور اصولوں کی روشنی میں مشروط اجازت دی ہے، مفتی صاحب نے اپنی رائے پیش کرنے سے قبل اکابر علماء کی آراء پیش کی ہیں۔

آخری میں اپنی رائے پیش کرتے ہوئے لکھا:

خواتین کی تبلیغ کے جو اصول بنائے گئے ہیں وہ شرعاً درست ہیں، ان اصول حدود وقیود کے تحت اور نصوص شرعیہ وفقہی جزئیات کی رو سے یہ فیصلہ صادر کیا جاتا ہے کہ خواتین کے لئے مروجہ تبلیغ میں نکلنا شرعاً صحیح اور مستحسن ہے۔

یہ کتاب ایسی خواتین کے لئے بہت مفید ہے جو تبلیغ، تدریس وغیرہ سے وابستہ ہیں۔ موصوف کی اس سے قبل بھی متعدد کتب شائع ہو چکی ہیں، دعا ہے اللہ تعالیٰ موصوف کی مساعی قبول فرمائے (آمین) کتاب کی زبان وبیان کو بہتر بنایا جائے تو مناسب ہوگا۔

کتاب کا نام : قرآن پاک میں دی گئی سود کی تعریف اور پہچان اور نام نہاد اسلامی بینکاری کے طریقہ ہائے تمویل کا تجزیہ